# نیوز لیٹر

شمارہ: اکتوبر تا دسمبر 2012ء
تحریر و ترتیب: نعیم احمد (کمیونکیشن اینڈ میڈیا آفیسر)



انٹرنیشنل ورکشاپ برائے ڈومیسٹک بائیوگیس چین کے شہر "شینڈو" (Chengdu) میں منعقدہ ہوئی۔ جس میں پاکستان گھریلو بائیو گیس پروگرام کا وفد بھی شریک ہوا۔ مزید تفصیلات (صفحہ نمبر 4)



PDBP اور EKN (نیدر لینڈ کے سفارتخانے) کے نمائندوں کی سالانہ میٹنگ میں بڑے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مزید تفصیلات (صفحہ نمبر 1)



PAK-EPA کی تحفظ ماحولیات مانیٹرنگ ٹیم نے فیصل آباد کا دورہ کر کے PDBP کی جانب سے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر میں تحفظ ماحولیات کے حوالے سے کئے جانیوالے اقدامات کا جائزہ لیا اور بہتری کیلئے اقدامات تجویز کئے۔ مزید تفصیلات (صفحہ نمبر 3)



پاکستان میں بائیوگیس کے فروغ کیلئے PDBP کے سٹاف، BCCs اور مارکیٹرز کو بنگلہ دیش کا مطالعاتی دورہ کروایا گیا۔ مزید تفصیلات (صفحہ نمبر 4)

## PDBP کا 20 اور 25 مکعب میٹر کے بڑے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر شروع کرنے کا فیصلہ

### کسانوں کے مسائل حل کرنے اور بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے کام کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔ جان ولیم کول (فرسٹ سیکرٹری برائے ماحولیات و پانی، نیدر لینڈ)

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام اور نیدر لینڈ سفارتخانے کے نمائندوں کے درمیان نومبر میں ہونیوالی میٹنگ کے بعد اس بات کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت 20 مکعب میٹر اور 25 مکعب میٹر کے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر بھی شروع کر دی جائے۔ تاکہ مقامی حالات کی ضرورت کے مطابق کسانوں کو درپیش مشکلات کو حل کر کے بائیوگیس ٹیکنالوجی کو دیہی آبادی کیلئے توانائی کے مسائل کا ایک مفید اور دیرپا حل مہیا کیا جا سکے۔ بعدازاں نیدر لینڈ کے سفارتخانے (EKN) کی جانب سے جان ولیم کول (فرسٹ سیکرٹری برائے ماحولیات و پانی) اور یاسمین جواد خان (سینئر پروگرام آفیسر برائے ماحولیات و پانی) پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے پروگرام منیجر سجاد حیدر اور ایریا منیجر رانا عامر شفیق کے ہمراہ بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے سہ ماہی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر انہوں نے بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کیلئے 20 مکعب میٹر اور 25 مکعب میٹر کے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر شروع کرنے کی منظوری کا اعلان کیا۔ جان ولیم کول نے بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے منیجرز سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام اور اس کے تحت کام کرنیوالی بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں نے دیہی علاقوں میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے۔ جس کی وجہ سے ہزاروں گھرانے بائیوگیس پلانٹ سے حاصل ہونیوالی گیس اور قدرتی کھاد کو استعمال کر کے اخراجات میں بچت سے خوشحالی کی جانب گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی حالات کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس بات کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ 20 مکعب میٹر اور 25 مکعب میٹر کے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر بھی شروع کی جائے۔ جس سے دیہی آبادی کے مسائل حل ہونے کے ساتھ ساتھ بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے کاروبار کو بھی فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ بڑے حجم کے ان پلانٹس کی کامیابی کے بعد 50 مکعب میٹر اور 75 مکعب میٹر کے کمرشل بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر بھی شروع کی جاسکتی ہے۔ جس کیلئے تحقیق اور تکنیکی مہارت کے حصول کیلئے حکمت عملی تیار کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کو کاروباری اصولوں کے مطابق جدت، معیار اور ترقی کی لگن کو اپناتے ہوئے سبسڈی پر انحصار کم سے کم کرنا چاہیئے۔ تاکہ پاکستان میں خود انحصاری پر مبنی بائیوگیس سیکٹر کی تشکیل کا خواب پورا ہو سکے۔ جس کیلئے ضروری ہے کہ بائیوگیس تعمیراتی کمپنیاں سبسڈی پر انحصار کی بجائے معیار اور تکنیکی مہارت پر عبور حاصل کر کے اپنے کاروبار کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے فیلڈ تجربات سے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی انتظامیہ کو مستقل بنیادوں پر آگاہ کیا کریں۔ تاکہ ان تجربات کی روشنی میں ایک کامیاب بائیوگیس تعمیراتی کمپنی کا بزنس ماڈل تیار ہو سکے۔

**2400**
**بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر مکمل**
**پنجاب میں سب سے زائد بائیوگیس پلانٹ لگانے والا ادارہ**

## بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کی سہ ماہی جائزہ میٹنگ کا احوال

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت وسطی پنجاب کے 12 اضلاع میں بائیوگیس پلانٹس بنانیوالی تعمیراتی کمپنیوں کی سہ ماہی جائزہ میٹنگ نومبر میں ہوئی۔ اس میٹنگ میں بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں اور پاکستان بائیوگیس ایسوی ایشن کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ تشہیری مواد کے استعمال، مارکیٹنگ اور بعداز فروخت سروس کی اہمیت بیان کی گئی۔ اس موقع پر آئندہ تین ماہ کی حکمت عملی اور بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے بزنس پلان کو حتمی شکل دی گئی۔ دوران میٹنگ بنگلہ دیش کے مطالعاتی دورے پر جانیوالے بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکاء کو اپنے تجربات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر نیدرلینڈ ایمبیسی EKN کے نمائندوں جان ویلم کول (فرسٹ سیکرٹری برائے ماحولیات و پانی) اور یاسمین جواد خان (سینئر پروگرام آفیسر برائے ماحولیات و پانی) بھی میٹنگ میں شریک ہوئے۔ میٹنگ کے اختتامی سیشن میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے پروگرام منیجر محمد سجاد حیدر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تمام بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کو ایسی حکمت عملی اختیار کرنی چاہیے ۔ کہ موسمی حالات، فصلوں کی کٹائی، بارشیں اور دیگر عوامل ان کی کارکردگی میں حائل نہ ہوسکیں۔ انہوں نے اس بات کا بھی اعلان کیا کہ جنوری کے مہینے میں بڑے پلانٹ بنانے کیلئے مستریوں کی تربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔ جس میں صرف انہیں بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے مستریوں کی تربیت کی جائے گی جو کہ اچھی کارکردگی کی حامل ہیں۔ جبکہ دیگر تعمیراتی کمپنیوں کو بھی چاہیئے کہ وہ آئندہ 3 ماہ کے دوران اچھی



کارکردگی کا مظاہرہ کرکے بڑے پلانٹ کی تعمیر کیلئے اپنی اہلیت ثابت کریں۔ میٹنگ کے دوسرے دن آئندہ سال کیلئے پاکستان بائیوگیس ایسوی ایشن کے نئے عہدیداروں کا انتخاب کیا گیا۔ جس میں شیخوپورہ سے شکیل الرحمان (صدر)، سرگودھا سے محمد اقبال رانجھا (نائب صدر) اور چنیوٹ سے احسان اللہ (جنرل سیکرٹری) منتخب ہوئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## گزشتہ سہ ماہی میں اچھی کارکردگی دکھانے والی بائیوگیس تعمیراتی کمپنیاں



1ST
محمد امین ـ ٹوبہ ٹیک سنگھ
16 - بائیوگیس پلانٹ



2ND
محمد طیب ـ اوکاڑہ
13 - بائیوگیس پلانٹ



3RD
محمد یاسین ـ فیصل آباد
12 - بائیوگیس پلانٹ



3RD
محمد ارشد ـ فیصل آباد
12 - بائیوگیس پلانٹ



3RD
ندیم بابر ـ خوشاب
12 - بائیوگیس پلانٹ



3RD
شکیل الرحمان ـ شیخوپورہ
12 - بائیوگیس پلانٹ

## بائیوگیس ٹیکنالوجی کا فروغ

ماہنامہ کسان ورلڈ

بائیوگیس کے فروغ اور بائیوگیس سیکٹر ڈویلپمنٹ کے حوالے سے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے کام کو ترقی پسند کسانوں اور تنظیموں تک پہنچانے کیلئے ماہنامہ "کسان ورلڈ" لاہور کے ساتھ 6 ماہ کیلئے تشہیری معاہدہ کیا گیا۔

ماہنامہ ندائے کسان لاہور

بائیوگیس کے فروغ اور بائیوگیس سیکٹر ڈویلپمنٹ کے حوالے سے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے کام کو ترقی پسند کسانوں اور تنظیموں تک پہنچانے کیلئے ماہنامہ "ندائے کسان" لاہور کے ساتھ 6 ماہ کیلئے تشہیری معاہدہ کیا گیا۔



روزنامہ ایکسپریس کے سنڈے میگزین میں PDBP پر شائع ہونیوالے صفحے کا عکس

RADIO AWAZ FM 107 ہر دل کی آواز... | FM95 PUNJAB RUNG | 96 FM radioactive

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے ساہیوال، پاکپتن، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور شیخوپورہ میں بائیوگیس سے متعلق آگاہی کو فروغ دینے اور بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے کام کو بڑھانے کیلئے ایف ایم ریڈیو پر تشہیری مہم اور خصوصی پروگرام نشر کیے گئے۔




دیہی علاقوں میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے اشتراک سے تمام اضلاع میں بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کی جانب سے وال چاکنگ کروائی گئی۔

Energy UPDATE

توانائی کے شعبے کی سرگرمیوں پر مبنی کراچی سے شائع ہونیوالے انگریزی کے ماہانہ میگزین "انرجی اپ ڈیٹس" میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے وسطی پنجاب میں بائیوگیس کے فروغ کیلئے کئے جانیوالے اقدامات کے حوالے سے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے پروگرام منیجر محمد سجاد حیدر کا انٹرویو شائع ہوا۔

## بائیوگیس پلانٹ سے گیس اور مفت نامیاتی کھاد ملنے سے زندگی آسان ہوگئی

### ساہیوال کے گاؤں چک 76/5L کے تنویر اختر سے گفتگو کا احوال



ساہیوال کے گاؤں چک 76/5L کے رہائشی تنویر اختر کا کہنا ہے کہ وہ گزشتہ سات سال سے بائیوگیس پلانٹ سے متعلق لوگوں سے سن رہے تھے۔ لیکن جب 2 سال قبل انہوں نے قریبی گاؤں میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت لگنے والا پلانٹ دیکھا تو وہ اس کی افادیت اور اچھی کارکردگی کے قائل ہوگئے۔ تنویر اختر نے بتایا کہ ان کے گاؤں میں ایندھن کیلئے لکڑی محکمہ جنگلات سے خریدنا پڑتی ہے۔ جس کیلئے سرکاری محکمے کو معاوضہ ادا کرنے کے باوجود بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ بائیوگیس پلانٹ لگنے سے انہیں لکڑی کی خریداری پر اُٹھنے والے اخراجات کی مد میں سالانہ 45 سے 55 ہزار روپے کی بچت ہورہی ہے۔ تنویر اختر نے بتایا کہ جب سے انہوں نے اپنی 6 ایکڑ زمین پر بائیوگیس پلانٹ سے گیس بننے کے بعد خارج ہونیوالے گوبر "بائیوسلری" کا استعمال شروع کیا ہے۔ جس کیلئے وہ بائیوسلری ہر روز پلاسٹک کے بڑے ڈرم میں ڈال کر گدھا ریڑھی پر کھیتوں میں لے کر جاتے ہیں جو اس کی افادیت کے باعث انہیں بالکل بھی مشکل نہیں لگتا ہے۔ کیوں کہ بائیوسلری کے استعمال سے انہیں کیمیائی کھاد کے خرچے میں بچت اور پیداوار میں واضح اضافہ نظر آیا ہے۔ تنویر اختر کا کہنا تھا کہ اب قریبی دیہات سے لوگ ان کا بائیوگیس پلانٹ دیکھنے آتے ہیں جس سے انہیں اپنے فیصلے کی افادیت پر مزید خوشی ہوتی ہے۔ ان کی بہن زیب النساء نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے بتایا کہ بائیوگیس پلانٹ لگنے سے ان کے بہت سے مسائل حل ہوگئے ہیں۔ کیوں کہ صبح کے وقت ناشتہ بنانا بہت بڑا مسئلہ ہوتا ہے۔ کیوں کہ بچوں نے وقت پر سکول جانا ہوتا ہے اس لئے آگ جلانے میں وقت ضائع ہونا بڑا پریشان کرتا تھا۔ لیکن اب تو ناشتہ، دوپہر اور رات کا کھانا بنانے کے علاوہ بھی تمام دن گیس دستیاب ہوتی ہے جبکہ برتن بھی دھویں سے کالے نہیں ہوتے اور گھر کا ماحول بھی صاف ستھرا رہتا ہے۔





### PDBP ٹیم کا حصہ بننے والے نئے رکن



محمد مشتاق شاہد (ایڈمن آفیسر)



عابد شہزاد (مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم آفیسر)

## عالمی معیار کے مطابق بائیوگیس پلانٹ بنانے کیلئے مستریوں کی تربیت کا مختصر احوال

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت وسطی پنجاب کے 12 اضلاع میں کام کرنیوالی بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کو تربیت یافتہ افرادی قوت کی فراہمی کیلئے اکتوبر میں راج مستریوں کی تربیت کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں PDBP سے الحاق شدہ بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے 15 اور Winrock International کی جانب سے آنیوالے 4 راج مستری شریک ہوئے۔ 12 روز تک جاری رہنے والی تربیتی کورس میں ابتدا راج مستریوں کی تعمیراتی کام میں مہارت اور لکھنے، پڑھنے کی قابلیت کو جانچنے سے کیا گیا۔ جس کے بعد انہیں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے قیام اور اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا گیا۔ دوران تربیت انہیں بائیوگیس پلانٹ کے سائز کا انتخاب کرنے کے اصول، ورکار میٹریل اور اس کے معیار کی جانچ، جانچ، بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر کیلئے جگہ کے انتخاب کیلئے رہنما اصولوں، بائیوگیس پلانٹ کے لے آؤٹ، گیس ہولڈر کی تعمیر، بائیوگیس پلانٹ کے استعمال، مرمت، عمومی مسائل اور ان کو حل کرنے کیلئے اقدامات اور بطور راج مستری ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا۔ جس کے بعد انہیں فیلڈ میں لے جاکر اپنے ہاتھ سے بائیو گیس پلانٹ کی تعمیر کے مختلف مراحل کی تربیت دی گئی۔ بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر کے مختلف مراحل کی تربیت



کے بعد تمام راج مستریوں کو پلمبنگ ورک کے حوالے سے بھی ایک دن کی تربیت مہیا کی گئی۔ تاکہ وہ بائیو گیس پلانٹ کی تعمیر کے ساتھ ساتھ پلانٹ سے گھر تک گیس پائپ لائن کی وائرنگ، چولہے اور گیس لیمپ کی تنصیب کو یقینی بناسکیں۔ دوران تربیت راج مستریوں کو بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر کے دوران اہم پیمائشوں کو بتائے گئے معیار کے مطابق رکھنے کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ جبکہ انہیں یہ بھی بتایا گیا کہ پلانٹ کی تعمیر شروع کرنے سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ مستقبل میں بائیوگیس پلانٹ کے استعمال میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔ تربیت کے آخری روز تمام شرکاء کی اپنے کام میں مہارت کا امتحان لینے کے بعد انہیں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تربیت یافتہ مستری ہونے کے سرٹیفکیٹ دیئے گئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



# بنگلہ دیش میں بائیوگیس کی ترقی قابل تقلید مثال ہے

## بنگلہ دیش کا مطالعاتی دورہ کرنیوالے PDBP سٹاف، بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں اور مارکیٹرز کے تاثرات

PDBP بائیوگیس کو فروغ دینے اور خود انحصاری پر مبنی بائیوگیس سیکٹر کی تشکیل کیلئے کام کر رہا ہے۔ جس کیلئے مختلف اقدامات کے ذریعے پروگرام سے وابستہ افراد کی قابلیت اور کام کرنے کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے کام کیا جاتا ہے۔ انہی مقاصد کے حصول کیلئے PDBP کی جانب سے اکتوبر میں ادارے کے سٹاف، بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے نمائندوں اور مارکیٹرز کو مطالعاتی دورے پر ایک ہفتے کیلئے بنگلہ دیش لیجایا گیا۔ اس مطالعاتی دورے کے دوران شرکاء کو بنگلہ دیش میں 50 ہزار سے زائد بائیوگیس پلانٹ لگانے والے "نیشنل ڈومیسٹک بائیوگیس ومینیور پروگرام" کے مرکزی دفتر، بائیوسلری پر تحقیق کرنیوالے "بنگلہ دیش ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ" اور بائیوگیس پلانٹ میں استعمال ہونیوالے آلات تیار کرنیوالے مقامی کارخانوں اور ڈھاکہ شہر کے نواحی علاقے غازی پور اور ڈسٹرکٹ پبنا (PABNA) کے مختلف دیہات کا دورہ کروایا گیا۔ جہاں پر مطالعاتی دورے کے شرکا نے بائیوگیس پلانٹ کی کارکردگی وتعمیر، بائیوسلری کو استعمال کرنے کے مختلف طریقوں اور بائیوگیس پلانٹ استعمال کرنیوالے گھرانوں کے افراد سے تبادلہ خیال کیا۔ اس کے علاوہ شرکاء کو مقامی سطح پر بائیوگیس اور شمسی توانائی کے فروغ کیلئے کام کرنیوالی مقامی فلاحی تنظیم "دیشا" کے دفتر کا بھی دورہ کروایا گیا۔ جہاں شرکاء نے تنظیم کے عہدیداروں اور نمائندوں سے ان کے کام کے طریقہ کار اور درپیش مشکلات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ NDBMP کے سینئر پروگرام منیجر نظم الحق فیصل نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ بنگلہ دیش حکومت نے اس سال ایک سو کروڑ روپے بائیوگیس سیکٹر میں قرضے کی سہولت دینے کیلئے مختص کئے ہیں۔ کسانوں کو بائیوسلری کے استعمال پر منظم طریقے سے راغب کر کے بائیوگیس پلانٹس کی تنصیب کے رجحان کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ تعمیر کنندگان کیلئے مناسب منافع اور پلانٹ سائز کے انتخاب کی آزادی سے بھی لوگوں میں بائیوگیس کو فروغ ملا ہے۔



## Pak-EPA کی معائنہ ٹیم برائے تحفظ ماحولیات کے دورے کا احوال



پاکستان میں وفاقی سطح پر تحفظ ماحولیات کے ادارے "پاکستان انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی" کی جانب سے اکتوبر میں اجلال حسین (ڈپٹی پراجیکٹ منیجر) نے فیصل آباد میں PDBP کے دفتر کا دورہ کیا۔ انہیں PDBP کی تشکیل، مقاصد اور طریقہ کار کے حوالے سے بریفنگ جبکہ فیلڈ اور دفتری ریکارڈ کیلئے استعمال ہونیوالی دستاویزات کا بھی معائنہ کروایا گیا جس میں بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر کیلئے بائیوگیس تعمیراتی کمپنی اور گھرانے کے درمیان ہونیوالے معاہدے اور پلانٹ کی تکمیل پر کوالٹی کنٹرول سنٹر کی جانب سے بھجوائے جانیوالے کاغذات بھی شامل تھے۔ بعدازاں انہوں نے فیصل آباد کے نواحی علاقوں میں مختلف بائیوگیس پلانٹوں کا معائنہ کیا اور بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے گھرانوں سے بائیوگیس پلانٹس کی کارکردگی کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے تحفظ ماحولیات کے حوالے سے اقدامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے کھاد کے گڑھوں کے گرد حفاظتی باڑھ اور دیواروں کو سطح زمین سے بلند بنانے کے ساتھ ساتھ بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے گھرانوں کی تحفظ ماحولیات سے متعلق تربیت کو بھی ضروری قرار دیا۔

## چین میں ہونیوالی عالمی ورکشاپ برائے گھریلو بائیوگیس کی مختصر رپورٹ

چین کے شہر "شینڈو" (Chengdu) میں نیدرلینڈ ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (SNV)، چین کی وزارت زراعت اور بائیوگیس انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے ایشین ترقیاتی بنک (ADB) اور توانائی سب کیلئے "E4ALL" کے اشتراک سے عالمی ورکشاپ برائے گھریلو بائیوگیس منعقد کی گئی۔ اس ورکشاپ کا مقصد گزشتہ سات سالوں میں بائیوگیس کے فروغ کیلئے ہونیوالے اقدامات کا جائزہ لینا، مختلف ممالک کے باہمی تجربات سے آگاہی حاصل کرنا، کاربن فنانسنگ کے شعبہ میں ہونیوالی ترقی اور نئے مواقوں کا جائزہ لینا تھا۔ تاکہ "E4ALL" کے تحت 2016ء تک پاکستان، بنگلہ دیش، نیپال، ویتنام، کمبوڈیا، لاوس، انڈونیشیا اور بھوٹان سمیت ایشیاء کے 15 ممالک میں 10 لاکھ بائیوگیس پلانٹ لگا کر 50 لاکھ افراد کی توانائی کی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ تین روز تک جاری رہنے والی اس ورکشاپ میں ایشیاء کے 15 ممالک سے آنیوالے ایک سو سے زائد افراد شریک ہوئے۔ بائیوگیس پر ہونیوالی اس عالمی ورکشاپ میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے پروگرام منیجر محمد سجاد حیدر، سینئر ایڈوائزر راجیش بی شرستا اور ایریا منیجر رانا عامر شفیق پاکستان کی جانب سے شریک ہوئے۔



### علاقائی نمائندے و کوالٹی کنٹرول سنٹرز

| | |
|---|---|
| فیصل آباد | 0308-5209513 |
| سرگودھا اور خوشاب | 0307-5551315 |
| جھنگ اور چنیوٹ | 0307-5551316 |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 0307-5551317 |
| شیخوپورہ، ننکانہ، گوجرانوالہ | 0301-8567260 |
| ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن | 0307-5551317 |

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام
پلاٹ نمبر 15، روزویلی، امین ٹاؤن، فیصل آباد
ٹیلیفون نمبر: 2-0371 685 (41-92+)
فیکس نمبر: 0373 685 (41-92+)

RSPN
رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک
7، سٹریٹ 49، F-6/4، اسلام آباد
www.rspn.org